Til borgere og pårørende

Urdu

تہذیبی وسائل والی امدادی ٹیم زبان اور ثقافت کو سمجھنے میں مددگار ہے

PEDER LYKKE CENTRET

تعارف

کمیون کی طرف سے پیش کش کو تلاش کرنے میں بعض اوقات ثقافتی فرق رکاوٹ بن سکتا ہے اور اس کے طریقہ کار کو سمجھنے میں مشکلات پیش آ سکتی ہیں۔
اس راہ پر تہذ یبی وسائل والی امدادی ٹیم آپ کی مدد گار ہو سکتی ہے:

- جب آپ کا کمیون سے رابطہ ہوتا ہے تو کیا آپ کو مشکلات پیش آتی ہیں؟
- کیا کمیون کی پیش کش اورجو مدد آپ کو ملتی ہے اس میں کوئی ایسی بات ہے جس پہ آپ کوشک وشبہ ہو یا سمجھ میں نہ آتی ہو؟
- کیا خود آپ کو یا آپ کے رشتہ داروں کو حالاتِ زندگی کے متعلق روحانی یا ذاتی موضوعات پر کسی شخص سے بات چیت کرنے کی ضرورت درپیش ہے؟

 ایسی صورت میں تہذ یبی وسائل والی امدادی ٹیم کا ایک فرد جو آپ کی تہذیب و ثقافت اور/ یا زبان کا پسِ منظر جانتا ہو وہ آپکی مدد کر سکتا ہے اور اس پر رازداری کا فرض عائد ہوتا ہے۔

اس راہ پر تہذ یبی وسائل والی امدادی ٹیم آپ کی مدد گار ہو سکتی ہے:

تہذ یبی وسائل والی امدادی ٹیم کیا ہے؟

آمائر میں رہنے والے ڈینش کے علاوہ دیگر تہذیبی و ثقافتی پسِ منظر والے شہریوں اور ان کے رشتہ داروں کے لئے تہذیبی وسائل والی امدادی ٹیم ایک پیش کش ہے۔ اس کے علاوہ یہ ٹیم آمائر میں صحت اور دیکھ بھال کی انتظامیہ کے عملہ کی مدد گار بھی ہے۔ ٹیم میں شمولیت کے لئے وسائل والے امدادی افراد کا چناؤ ان کی انسانی اور لسّانی صلاحیتیوں کو سامنے رکھ کر کیا جاتا ہے کہ وہ کیسے دوسرے لوگوں کے ساتھ ان کی مادری زبان میں بات چیت کر سکتے ہیں۔

جب آپ کا کمیون سے رابطہ ہو توامدادی فرد آپ کی بات سنے گا اور گفتگو کرے گا

امدادی فرد کیا کر سکتا ہے؟

آپ کو کمیون کی پیش کش کے سلسلہ میں جو مشکلات درپیش ہوں امدادی فرد کے پاس ان کو سننے کے لئے وقت ہوتا ہے اور اس کا جی چاہتا ہے۔ اگر آپ کو مشورہ یا کسی سوال کی وضاحت کے لئے مدد درکار ہو تو امدادی فرد مدد کرنے کی بہترین کوشش کرتا ہے۔ امدادی فرد آپ سے ذاتی طور پہ مل کر یا ٹیلی فون کے ذریعہ مشورہ اور امداد دینے کے لئے حاضر ہوتا ہے۔ اسے آپ سے ہونے والی گفتگو کے متن کو دوسرے افراد تک پہنچانے کی اجازت نہیں ہوتی ہے۔

اگرآپ نے تہذیبی وسائل والی امدادی ٹیم کو استعمال کرنا ہو تو آپ کو کیا کرنا چاہیے؟

اگر آپ کو امدادی فرد سے بات چیت کی خواہش ہو تو آپ نرسنگ ہوم، گھر میں دیکھ بھال، سرگرمی کے مرکز، صحت کے مرکز یا آمائر میں کسی بھی جگہ صحت اور دیکھ بھال کے عملہ سے رجوع کریں۔ اس کے بعد وہ تہذیبی وسائل والی امدادی ٹیم کے کوآرڈی نیٹر سے رابطہ کرتے ہیں۔

ہم صحیح امدادی فرد سے آپ کا جوڑ ملاتے ہیں

سوئچ

براہِ مہربانی آپ ہمیں اپنے تہذیبی اور لسّانی پسِ منظرسے مطلع کریں اس طرح
ہم آسانی سے آپ کے لئے صحیح فرد کا انتظام کر سکتے ہیں۔
اگرآپ کے ذہن میں کوئی سوال ہو تو کوآرڈی نیٹر Ayse Döner سے ٹیلی فون نمبر
23 81 74 25 یا ای میل
Etniskressourceteam@suf.kk.dk پر رجوع کریں۔

Selvejende Institution
Peder Lykkes Vej 63-65
2300 København S

Telefon: +45 32 34 43 39 / 23 81 74 25
Email: jg18@suf.kk.dk
Web: www.pederlykkecentret.dk